aglasem.com

FOR PUNJAB CLASS 10 PREPARATION

PSEB 10th Sample Paper 2027 URDU (In Lieu Of Hindi)

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
Punjab Class 10	2027	Sample Paper	Urdu

Class X

Model Question Paper 2026-27

Urdu (In Lieu of Hindi)

نمونے کا پرچہ سوالات

جماعت : دسویں (اردو بجائے ہندی)

کل نمبر:80 وقت: 3 گھنٹے

حصہ (الف)

I۔ نیچے دیے گئے دونوں اقتباسات کو غور سے پڑھئے اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ (5+5=10)

(پہلا اقتباس)

کتاب انسان کی بہترین دوست اور رہنما ہے۔ یہ نہ صرف ہمیں علم فراہم کرتی ہے بلکہ ہمارے کردار کو بھی سنوارتی ہے۔ اچھی کتابیں ہمیں سوچنے، سمجھنے، اور بہتر زندگی گزارنے کا سلیقہ سکھاتی ہیں۔ کتابوں کے مطالعہ سے انسان کو مختلف قوموں، تہذیبوں اور زمانوں کے حالات کا علم ہوتا ہے۔ وہ اپنے ماضی سے سبق حاصل کرتا اور حال کو بہتر بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ کتابیں انسان کی تنہائی کو مٹا دیتی ہیں اور ذہنی سکون فراہم کرتی ہیں۔ ایک اچھی کتاب ایک مخلص استاد کی طرح انسان کی رہنمائی کرتی ہے۔ افسوس کہ آج کے دور میں نوجوان طبقہ کتابوں سے دور ہوتا جا رہا ہے اور موبائل فون و انٹرنیٹ نے ان کی توجہ گھٹا دی ہے۔

1۔ کتاب انسان کی کس چیز کو سنوارتی ہے؟

2۔ کتابوں کے مطالعہ سے انسان کو کس چیز کا علم ہوتا ہے؟

3۔ کتابیں انسان کی کس کیفیت کو مٹا دیتی ہیں؟

4۔ مطالعہ انسان کو کیا فراہم کرتا ہے؟

5۔ آج کے دور میں نوجوان کس چیز سے دور ہو رہے ہیں؟

(دوسرا اقتباس)

اُردو ہماری مادری زبان ہے۔ مادری زبان کا مطلب ہے، وہ زبان جسے ہم ماں کی گود میں بیٹھ کر پہلی بار سنتے ہیں اور جیسے جیسے بڑے ہوتے ہیں اس زبان کو سیکھتے چلے جاتے ہیں۔ لیکن مادری زبان سے ہماری محبت کم نہیں ہوتی۔ جن لوگوں کی مادری زبان اردو نہیں ہے وہ بھی اردو کی شیرینی کے قائل ہیں۔ اردو کا شمار ہندوستان کی جدید آریائی زبانوں میں ہوتا ہے۔ ہمارے ملک کے آئین میں جن زبانوں کا ذکر ہے ان میں ایک اردو بھی ہے۔ اردو کی طرح ہندی، بنگالی، اُڑیا، اسامی وغیرہ بھی جدید ہند آریائی زبانیں ہیں۔ سنہ ایک ہزار عیسوی کے بعد جدید ہند آریائی زبانوں کا ارتقاء شروع ہوتا ہے۔ شروع سے ہی اردو اپنے ارد گرد کی بولیوں اور زبانوں سے فیض یاب ہوتی رہی۔ یہی وجہ ہے کہ اس میں ترکی، عربی، فارسی، ہندی، انگریزی، اور دوسری زبانوں کے الفاظ شامل ہیں۔

1۔ اردو ہماری کون سی زبان ہے؟

2۔ مادری زبان کا کیا مطلب ہے؟

3۔ اردو کا شمار ہندوستان کی کن زبانوں میں ہوتا ہے؟

4۔ آریائی زبانیں کون سی ہیں؟

5۔ اردو میں کن زبانوں کے الفاظ ہیں؟

III۔ نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے۔ (10x1=10)

1۔ "نیکی اور بدی" کس کی نظم ہے؟

(A) نظیر اکبر آبادی (B) محمد مجیب (C) اقبال (D) غالب

2۔ اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا؟

(A) مغل (B) خلجی (C) لودھی (D) راجپوت

3۔ "خوش نما" کے معنی ہے؟

(A) خوشی (B) خوبصورت (C) بدصورت (D) کچھ نہیں

4۔ آپ کی اردو کی نصابی کتاب کا کیا نام ہے؟

(A) دور پاس (B) جان پہچان (C) ہماری کتاب (D) ابتدائی اردو

5۔ صحت کیلئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پانی ضروری ہے؟

(A) صاف (B) گندہ (C) دھندلا (D) میلا

6۔ مکھیاں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھیلاتی ہیں۔

(A) جراثیم (B) خوشبو (C) بارش (D) بدبو

7۔ "زبانوں کا گھر ہندوستان" مضمون کس کا لکھا ہوا ہے؟

(A) سید احتشام حسین (B) غالب (C) اقبال (D) راجندر سنگھ

8۔ "لڑکے" کا واحد کیا ہے؟

(A) لڑکی (B) لڑکا (C) لڑکیاں (D) کوئی نہیں

9۔ راجپوتوں کے ایک سردار کا نام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھا۔

(A) رگھوپت (B) شیواجی (C) مراٹھا (D) لودھی

10۔ "میر تقی میر" کی پیدائش کب ہوئی؟

1922(A) 1750(B) 1722(C) 1822(D)

III۔ نیچے دیے گئے سوالات میں سے کسی پانچ کے جوابات دیجئے۔ (5x1=5)

1۔ کس کی ناؤ پار اترتی ہے؟

2۔ چڑیاں خدا کی تسبیح کیسے کرتی ہیں؟

3۔ سورج کو چشمہ کیوں کہا گیا ہے؟

4۔ بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے؟

5۔ چھوت چھات سے ملک کو کیا نقصان پہنچا؟

6۔ اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا؟

7۔ اپنی ثنا آپ کون کرتا ہے؟

IV۔ دیے گئے الفاظ میں سے مناسب الفاظ چن کر خالی جگہوں کو پر کیجیے۔ (5x1=5)

دروازے، رگھوپت، اکبر، سپاہی، وعدے

1۔ .....بادشاہ مغلوں کا بہت مشہور بادشاہ گزرا ہے۔

2۔ راجپوتوں کے ایک سردار کا نام..... تھا۔

3۔ بیوی نے کہا ایسا نہ کرو دوسرے.....سے نکل جاؤ۔

4۔ دوسرے دن.....رگھوپت اور پہرے دار کو میدان میں لائے۔

5۔ جو آدمی اپنے.....کے پکے ہوتے ہیں خدا ہمیشہ ان کی مدد کرتا ہے۔

حصہ (ب)

V۔ اسم، اور فعل کی تعریف لکھئے اور مثالیں بھی دیجئے۔ (6)

VI۔ کسی پانچ الفاظ کے واحد جمع لکھئے۔ (5)

ہاتھ، نشان، جوتی، فرض، جنگل، سوال

VII۔ نیچے دے ہوئے الفاظ کے معنی لکھئے۔ (کوئی پانچ) (5)

خوش نما، کارخانہ، قدرداں، راحت، شاہد، عدل، پرستی کرم

حصہ (ج)

VIII۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔ (5)

بے تکلفی پانی کی آلودگی زبانوں کا گھر ہندوستان

IX۔ کسی ایک نظم کا مرکزی خیال و خلاصہ لکھئے۔ (5)

حمد نیکی اور بدی پہاڑ اور گلہری

X۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی تین اشعار کا مطلب بیان کیجئے۔ (6)

1۔ تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا کیسی زمین بنائی، کیا آسماں بنایا

2۔ ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش شراب کی سی ہے

3۔ بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں حالت اب اضطراب کی سی ہے

4۔ سورج سے ہم نے پائی گرمی بھی روشنی بھی کیا خوب چشمہ تو نے، اے مہرباں بنایا

5۔ بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگے چلے

XI۔ اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام فیس معافی کیلئے درخواست لکھئے۔

(یا)

اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام بڑے بھائی کی شادی میں شامل ہونے کیلئے درخواست لکھئے۔ (8)

XII۔ دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ (10)

وقت کی پابندی

صبح کی سیر

موبائل کے فائدے اور نقصانات

عید کا تہوار